# ماڈیول ۲

## علم اور جہالت کا مقصد اور فرق

علم کا اصل مقصد انسانی ذہن اور دل کو روشن کرنا ہے۔ جہالت کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ کسی چیز کے علم نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ علم کی لغوی تعریف ہے کسی چیز کا ادراک اس کے اصل حالت کے مطابق۔ اصطلاحی طور پر، علم اُس چیز کو کہا جاتا ہے جو حقیقت اور اصل کو واضح کر دے۔ اسلامی علم وہ ہے جو اللہ نے اپنے انبیاء علیہم السلام کے ذریعے انسانیت تک پہنچایا۔

## اللہ کا حکم اور انسان کا مقام

اللہ نے جب انسانی زندگی کا آغاز کیا، تو سب سے پہلے علم اور ہدایت کا ذکر کیا۔ اللہ کا فرمان ہے :

’’جو میری ہدایت کی پیروی کرے گا، وہ گمراہ نہیں ہو گا اور نہ ہی بدنصیب بنے گا۔‘‘ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہدایت اور علم کا تعلق انسانی نجات کے ساتھ ہے۔ یہ علم انسانی درجہ اور مقام میں اضافہ کرتا ہے۔ اللہ نے انسانیت کو علم کی بناپر دوسری مخلوقات سے افضل بنایا۔

## انسان اشرف المخلوقات کیوں ہے؟

اکثر ہم یہ سنتے ہیں کہ انسان اشرف المخلوقات ہے۔ لیکن یہ درجہ صرف انسانی صورت یا جسمانی بناوٹ کی وجہ سے نہیں ہے۔ اگر صرف انسانی صورت مقام کا سبب ہوتی، تو اللہ قرآن میں کچھ انسانوں کو "جانوروں سے بھی بدتر" کیوں قرار دیتا؟ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اصل شرف علم اور ہدایت کی پیروی میں ہے۔

## علم کی فضیلت قرآن اور احادیث کی روشنی میں

- شہادتِ الٰہی اور اہلِ علم کا مقام

اللہ نے اپنی شہادت کے بعد فرشتوں اور اہلِ علم کا ذکر کیا:

''اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور فرشتوں اور علم والوں نے بھی اس بات کی گواہی دی۔''

- درجات کی بلندی

اللہ نے قرآن میں فرمایا:

''اللہ اُن لوگوں کے درجات بلند کرتا ہے جو تم میں سے ایمان والے ہیں اور جنہیں علم دیا گیا۔''

- رسول اللہ ﷺ کا فرمان

''اللہ جس شخص کے لیے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے، اسے دین کا فہم (سمجھ) عطا کرتا ہے۔''

- رسول اللہ ﷺ کا ایک اور فرمان

''ایک عالم کو ایک عابد پر وہی فضیلت حاصل ہے جو مجھے تمہارے سب سے نیچے درجے کے شخص پر حاصل ہے۔''

- رشک کے قابل لوگ

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

"دو لوگ ایسے ہیں جن کے لیے رشک کیا جا سکتا ہے: ایک وہ شخص جسے اللہ نے مال دیا اور وہ اس مال کو اللہ کی راہ میں کھل کر خرچ کرتا ہے۔ دوسرا وہ شخص جسے اللہ نے علم دیا، اور وہ اس علم پر عمل کرتا ہے اور دوسروں کو بھی سکھاتا ہے۔''

## علم کے لیے مسلسل کوشش اور جنت کا انعام

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''اللہ اُس شخص کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے جو علم کے لیے محنت کرتا ہے۔''

یہ حدیث ہمیں علم کی تلاش میں مشکلات اٹھانے کی اہمیت سمجھاتی ہے۔ علم حاصل کرنے کے لیے صرف خواہش نہیں، بلکہ پوری محنت اور صبر چاہیے۔

## علم اور عمل کی اہمیت

ایک اور حدیث کے مطابق، علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ انبیاء ﷺ اپنے پیچھے مال نہیں، بلکہ علم چھوڑتے ہیں۔ جو علم حاصل کرتا ہے، وہ اصل معنوں میں انبیاء کی وراثت لیتا ہے۔

## آخرت اور دنیا میں علم کی لذت

علم کی لذت اور اصلیت انسانی زندگی کا اصل مقصد بناتی ہے۔ دنیا کی ہر چیز عارضی ہے، لیکن علم اور ایمان کی لذت ہمیشہ کے لیے ہے۔ علم سے انسانی ذہن اور دل کا سکون حاصل ہوتا ہے، جو انسانیت کی اصل پہچان ہے۔

## Ilm aur Jahalat ka Maqsad aur Farq

Ilm ka asal maqsad insani zehan aur dil ko roshan karna hai. Jahalat ke mutaliq kaha gaya hai ke woh kisi cheez ke ilm na hone ko kehte hain. Ilm ki lughwi tareef hai kisi cheez ka idraak uske asal halat ke mutabiq. Istilahi taur par, ilm us cheez ko kaha jata hai jo haqeeqat aur asal ko wazeh kar de. Islami ilm woh hai jo Allah ne apne Anbiya ﷺ ke zariye insaniyat tak pohchaya.

## Allah ka Hukm aur Insan ka Maqam

Allah ne jab insani zindagi ka aghaz kiya, to sabse pehle ilm aur hidayat ka zikr kiya. Allah ka farmaan hai:"Jo mere hidayat ki pairwi karega, woh gumrah nahi hoga aur na hi badnaseeb banega."

Is se maloom hota hai ke hidayat aur ilm ka taluq insani najat ke sath hai. Yeh ilm insani darja aur maqam mein izafa karta hai. Allah ne insaniyat ko ilm ki bina par dusri makhluqat se afzal banaya.

## Insan Ashraf-ul-Makhluqat Kyun Hai?

Aksar hum yeh sunte hain ke insan ashraf-ul-makhluqat hai. Lekin yeh darja sirf insani soorat ya jismani banawat ki wajah se nahi hai. Agar sirf insani soorat maqam ka sabab hoti, to Allah Quran mein kuch insano ko "janwaron se bhi badtar" kyon qaraar deta? Yeh is baat ki taraf ishara hai ke asal sharf ilm aur hidayat ki pairwi mein hai.

## Ilm ki Fazilat Qur'an aur Ahadees ki Roshni mein

- **Shahadat-e-Ilahi aur Ahl-e-Ilm ka Maqam**
  Allah ne apni shahadat ke baad Farishton aur Ahl-e-Ilm ka zikr kiya:
  "Allah ne gavaahi di ke us ke siwa koi mabood nahi, aur Farishton aur ilm walon ne bhi is baat ki gavaahi di."

- **Darjaat ki Bulandi**
  Allah ne Quran mein farmaya:
  "Allah un logon ke darjaat buland karta hai jo tum mein se iman walay hain aur jinhein ilm diya gaya."

- **Rasoolullah ﷺ ka Farman**
  " Allah jis shakhs ke liye bhalai ka irada karta hai, usay deen ka fahem (samajh) ata karta hai."

- **Ek aur hadees mein aap ﷺ ne farmaya:**
  "Ek aalim ko ek aabid par wohi fazilat hai jo mujhe tumhare sabse neeche darje ke shakhs par hasil hai.'

- **Rashk kay qabil log:**

Rasoolullah ﷺ ka Farman hai :"Do log aise hain jinke liye rashk ki jaa sakti hai: Ek woh shakhs jise Allah ne maal diya aur woh is maal ko Allah ki rah mein khul kar kharch karta hai. Dusra woh shakhs jise Allah ne ilm diya, aur woh is ilm par amal karta hai aur doosron ko bhi sikhata hai."

## Ilm ke Liye Musalsal Koshish aur Jannat ka Inam

Rasoolullah ﷺ ne farmaya:

**“**Allah us shakhs ke liye jannat ka rasta asaan kar deta hai jo ilm ke liye mehnat karta hai.”

Yeh hadees hume ilm ki talash mein mushkilat uthane ki ahmiyat samjhati hai. Ilm hasil karne ke liye sirf chahat nahi, balke puri dedication aur sabr chahiye.

## Ilm aur Amal ki Ahmiyat

Ek aur hadees ke mutabiq, ulama anbiya ke waaris hain. Anbiya ﷺ apne peeche maal nahi, balke ilm chhorte hain. Jo ilm hasil karta hai, woh asal ma’anon mein anbiya ki warasat leta hai.

## Aakhirat aur Duniya mein Ilm ki Lutf

Ilm ki lutf aur asliyat insani zindagi ka asal maqsad banata hai. Duniya ki har cheez arzi hai, lekin ilm aur iman ki lazzat hamesha ke liye hai. Ilm se insani zehan aur dil ka tashakkur hota hai, jo insaniyat ki asal pehchan hai.